# کنٹونمنٹ بورڈ فیصل

# اطلاع برائے نیلام عام

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کینٹ بورڈ فیصل اپنا "ناکارہ میٹریل اور نا قابل استعمال اشیاء/ سامان" (جہاں ہے جیسا ہے) کی بنیاد پر بذریعہ نیلام عام فروخت کرنا چاہتا ہے۔ جس کا معائنہ دفتری اوقات کار میں کنٹونمنٹ بورڈ فیصل میں کیا جاسکتا ہے۔ نیلامی مورخہ 28 مئی 2025 کو بوقت 12:00 بجے دن کو دفتر کنٹونمنٹ بورڈ فیصل میں حاضر آمدہ بولی دہندہ گان کی موجودگی میں منعقد ہوگی۔ اگر مقررہ تاریخ کو نیلامی نہ ہوسکی تو دوبارہ نیلامی 29 مئی 2025 بوقت 12:00 بجے دن کو ہوگی۔

**شرائط وضوابط:۔**

1 بولی دہندگان کو نیلامی میں شرکت کیلئے نیلامی سے قبل کال ڈیپازٹ مبلغ -/50,000 روپے کسی بھی شیڈول بینک سے بنام کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر بمعہ شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ کاپی جمع کرانا ہوگی۔ کسی بھی شخص کو کال ڈیپازٹ جمع کرائے بغیر بولی میں شرکت کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

2 پہلے اور دوسرے کامیاب بولی دہندہ کے علاوہ باقی کال ڈیپازٹ نیلامی کے اگلے روز واپس کردیے جائیں گے۔

3 کامیاب بولی دہندہ کو اپنی دی گئی بولی کا 25% (پچیس فیصد) بولی ختم ہونے پر موقع پر جمع کروانا ہوگی اور بقایا رقم سامان اٹھانے سے پہلے بورڈ کی منظوری کے 10 یوم کے اندر جمع کرانا ہوگی۔ اگر بولی دہندہ بقایا رقم جمع کرانے میں ناکام رہا تو زر بیعانہ کی رقم بحق کینٹ بورڈ ضبط تصور ہوگی اور دوسرے نمبر پر کامیاب بولی دینے والے کو آفر دی جائے گی بصورت انکار کے دوسری کامیاب بولی دینے والے کی کال ڈیپازٹ بھی ضبط کرلی جائے گی اور نیلامی دوبارہ کی جائے گی۔

4 کامیاب بولی دہندہ کو پیش کردہ بولی کی رقم پر گورنمنٹ کے مروجہ قانون کے مطابق انکم ٹیکس اور سیلز ٹیکس بھی جمع کرانا ہوگا۔

5 نیلامی کے بعد نیلام شدہ سامان کی حفاظت کی ذمہ داری کامیاب بولی دہندہ پر ہوگی۔

6 کینٹ بورڈ فیصل کسی بھی بولی کی تکنیکی/انتظامی بنیاد پر وجہ بتانے پر PPRA کی شق کے مطابق مسترد کرنے کا مجاز ہوگا۔

7 اگر کوئی شخص پہلے سے کینٹ بورڈ کا ڈیفالٹر ہو تو وہ نیلامی میں حصہ لینے کا مجاز نہیں ہوگا۔

8 مندرجہ بالا شرائط وضوابط میں سے کسی بھی ایک شرط پر پورا نہ اترنے کی صورت میں زرضمانت بحق کنٹونمنٹ بورڈ ضبط کرلی جائے گی۔

9 نیلامی کا نوٹس PPRA کی ویب سائٹ www.ppra.org.pk پر دیکھا جاسکتا ہے۔

نوٹ:۔ مزید معلومات کیلئے اسٹور برانچ، کینٹ بورڈ فیصل سے دفتری اوقات کار میں فون نمبر 0332-9248996 پر رجوع کیا جاسکتا ہے۔

کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر

کینٹ بورڈ فیصل